نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت پنجاب ایس ایم تنویر کی زیر صدارت 48ویں پنجاب ایگریکلچرل ریسرچ بورڈ کے اجلاس کی صدارت ۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخارعلی سہو سمیت بورڈ ممبران کی اجلاس میں شرکت۔زرعی تحقیق کے لئے 90 کروڑ روپے کے 40 مختلف منصوبہ جات کی منظوری

لاہور 04 اگست 2023: زرعی منصوبہ جات کے ثمرات کاشتکاروں اور عوام تک پہنچنا ضروری ہیں ۔زرعی منصوبہ جات مارکیٹ اور کمرشل پیمانے پر ڈیمانڈ کے مطابق ترتیب دیے جائیں ان خیالات کا اظہار وزیر زراعت پنجاب ایس ایم تنویر نے پنجاب ایگریکلچرل ریسرچ بورڈ کے 48ویں اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو، وائس چانسلر ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان ڈاکٹر آصف علی سمیت دیگر ممبران نے بھی شرکت کی۔اس موقع پر چیف ایگزیکٹو پارب ڈاکٹر عابد محمود نے اجلاس کا ایجنڈہ اور زراعت ،لائیو اسٹاک و فیشریز کے متعلق 40 منصوبہ جات پیش کیے۔اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب نے کہا کہ ایسے زرعی منصوبہ کی کمرشل پیمانے پر عملدرآمد کی ضرورت ہے جس سے عوام کی ڈیمانڈ پوری ہو اور قیمتوں میں بھی استحکام پیدا ہو سکے۔وزیر زراعت پنجاب ایس ایم تنویر نے بورڈ ممبران کی مشاورت سے مجموعی طور پر 90 کروڑ روپے مالیت کے 40 زرعی منصوبہ جات کی منظوری دی ۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ ریسرچ کا مقصد " ریسرچ برائے ریسرچ " نہیں ہونی چاہیے بلکہ فصلوں کی ایسی اقسام کی تیاری ہونا چاہیے جو تجارتی پیمانے پر کاشتکاروں کے منافع میں اضافہ اور عوام کیلئے ریلیف کا باعث بن سکیں۔انھوں نے سورج مکھی کی ہائبرڈ اقسام کی تیاری کے دوران پہلے سے موجود زرعی ریسرچ کو بھی مدِنظر رکھنے کی ہدایت کی ۔انھوں نے مزید کہا کہ ریسرچ کو بامقصد ہونا چاہیے اور اس ضمن میں زرعی سائنسدانوں کو غیر ملکی اداروں کو آن بورڈ لینے کی ضرورت ہے ۔اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت پنجاب ایس ایم تنویر نے چیف ایگزیکٹو پارب ڈاکٹر عابد محمود کو پارب کی کارکردگی کے متعلق جامع رپورٹ پیش کرنے اور منصوبہ جات کی سکروٹنی کے لئے خصوصی کمیٹی قائم کرنے کے علاوہ بورڈ کی ایگزیکٹو کمیٹی کی تنظیم نو کی بھی ہدایات کیں ۔

☆☆☆☆